مئی
2013

# دوسروں کو دو تو خدا تمہیں دے گا

''دو تو تمہیں بھی دیا جائے گا، اچھا پیمانہ دبایا ہلایا بھرپور تمہارے دامن میں ڈالا جائے گا'' (لوقا 38:6 )۔

**یسوع نے اپنے شاگردوں سے کہا: ''دو تو تم کو بھی دیا جائے گا!'' کیارا اور اُن کی پہلی ساتھیوں نے بھی اِسی طرح عمل کیا!**



ایک شام فولارے کی دروازے کی گھنٹی بجی جہاں کیارا رہتی تھیں۔ ایک آدمی تھا جو بہت پریشان اور مایوس تھا اُس نے اُن سے کہا کہ ''اگر میں نے کرایہ ادا نہ کیا تو میرا مالک مکان میرا سامان گھر سے باہر پھینک دے گا۔



کیارا اور اُس کی ساتھیوں نے ایک دوسری کی طرف دیکھا اور پھر وہ دراز کھولا جہاں وہ اپنی تنخواہیں رکھتی تھیں۔ اُنہوں نے بِلا ہچکچاہٹ وہ تمام پیسے اُسے دے دیئے۔ اُس رات وہ بہت خوش تھیں۔ وہ جانتی تھیں کہ یسوع اُن کی فکر کرے گا!



اگلی صُبح وہ آدمی واپس آیا اور اُنہیں بتایا: ''مُجھے اپنی وراثت میں سے کچھ رقم ملی ہے! میں نے اپنے دِل میں سوچا کہ اس کا آدھا حصہ آپ کے ساتھ شیئر کروں''۔ یہ اُس رقم سے دُگنی تھی جو کہ انہوں نے اُسے دی تھی۔




جین اور ٹون، جو کہ ہالینڈ سے ہیں کرسمس پر سوچ رہے تھے کہ ''جو پیسے ہم نے جمع کیے تھے اُن سے ایک کھلونا کشتی خریدیں تاکہ اپنے گھر کے قریب نہر میں اُسے بہا سکیں۔''



اُس رات اُنہوں نے ٹی وی پر ایک شو دیکھا جو کہ دوسرے ممالک کے غریب بچوں کے متعلق تھا۔ جین اور ٹون نے ایک دوسرے سے پوچھا کہ ''کیا ہمیں اپنی رقم ان کے لئے دینی چاہیئے؟'' اُنہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ ایسا کریں گے۔



جب کرسمس آیا تو اُن کے ابو کا ایک دوست اُن سے ملنے کے لئے آیا۔ اُس کے پاس اُن کے لئے ایک بہت بڑا ڈبہ تھا۔ انہوں نے کھولا تو دیکھا کہ ڈبّے میں ایک سچ مچ کی کشتی تھی! اس میں ہوا بھری جاسکتی تھی اور یہ اتنی بڑی تھی کہ وہ اپنے ابو کے ساتھ اُس میں سفر کر سکتے تھے۔